سوال

میری ایک عادت ہے جس پر میں قابو پانے کی کوشش کر رہا ہوں وہ یہ کہ کبھی کبھی اپنے ہونٹ چبانے لگتا ہوں۔ ہونٹوں پر موجود چھلکا اکثر تھوک دیتا ہوں، کبھی بے دھیانی میں نگل بھی لیتا ہوں۔ روزے کی حالت میں بے دھیانی میں ایسا ہو تو کیا روزہ باقی رہتا ہے؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

روزے کی حالت میں پیٹ میں کوئی بھی چیز داخل کرنا منع ہے، چاہے وہ چیز عام طور پر کھائی جاتی ہو یا نہ کھانے والی ہو، جیسے کوئی شخص روٹی کھالے، مٹی کھالے، ناخن، چمڑا، کنکری کھالے یا سکہ وغیرہ نگل لے اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا؛ کیونکہ روزے کی حالت میں معدہ میں کوئی بھی چیز داخل کرنا منع ہے۔ اسی طرح اگر انسان کے مسوڑھوں میں زخم ہوں، یا پھر مسواک کرنے کی وجہ سے خون نکل آئے تو اسے نگلنا جائز نہیں ہے، بلکہ اسے باہر نکالنا ضروری ہے، لیکن اگر اس کے اختیار کے بغیر یہ خون حلق میں چلا جائے تو روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

اس لیے اگر کوئی شخص اپنے ہونٹ چباتا ہو اور ہونٹوں سے اترنے والا چھلکا نگل لے تو اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا، اس لیے انسان کو اس بری عادت پر قابو پانا چاہیے۔ اگر بے دھیانی اور بغیر ارادے کے اس سے یہ کام ہو جائے تو پھر روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی

فضیلۃ الشیخ عبد الخالق حفظہ اللہ